۱۹۴۳ء کی تنظیم اس مدت میں قوی سے قوی تر ہوگئی ہے۔ آپ کا پہلا اور اہم ترین فرض یہ ہے کہ اپنا زیادہ سے زیادہ وقت اپنی تعلیم پر صرف کریں۔

۱۹ جولائی، قائداعظم کے ساتھ بلوچستان کا دورہ کیا۔

۷ جولائی، قائداعظم اور قاضی عیسٰی کے ساتھ گورنمنٹ انٹرمیڈیٹ کالج کوئٹہ کا دورہ کیا۔

۲۴۔۲۵ دسمبر، آل انڈیا مسلم لیگ اجلاس کراچی میں قائداعظم کے ساتھ شرکت کی۔ اپنی قوت اور اپنی حیثیت کے مطابق اپنے خاندان، اپنے ہمسایہ، اپنے دوست، اور عزیزوں میں عملی قوت کی روح پھونک کر اس میں قومیت کا جذبہ پیدا کریں۔ اس طرح ہم اپنی قوم کی کچھ مدد کر سکتے ہیں۔

مسلم لیگ خواتین سب کمیٹی دہلی کے ایک جلسے سے خطاب کیا اور موجودہ سیاست میں خواتین کے کردار پر روشنی ڈالی۔

۲۔۱۹ جولائی، قائداعظم کے ساتھ بلوچستان تشریف لے گئیں۔ ۷ جولائی کو گورنمنٹ انٹرمیڈیٹ کالج کوئٹہ کا دورہ کیا۔

۱۹۴۴ء اپریل ۱۹۴۴ء ایک مینہ بازار کا افتتاح کیا جو لاہور کی خواتین نے منعقد کیا تھا۔ ۷ اگست، ۱۹۴۴ء قائداعظم کے ساتھ بھوپال تشریف لائیں۔ فاطمہ جناح نے ۱۹۴۴ء میں لاہور کے انتخابات میں مسلم لیگ کی زبردست کامیابی پر مسلم خواتین کو خراج تحسین پیش کیا۔

۱۹۴۵ء مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن دہلی سے خطاب کیا۔

۲۲ دسمبر مسلم لیگ خواتین سب کمیٹی میٹنگ نئی دہلی سے خطاب کیا۔

۱۹۴۶ء دسمبر ۱۹۴۶ء میں کراچی مسلم لیگ خواتین کے جلسے میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا ''میں سندھ کے مسلمانوں کو ان کی اس عظیم کامیابی پر مبارکباد دیتی ہوں۔ جس کے ذریعہ انہوں نے پاکستان پر اپنا غیر متزلزل ایمان ثابت کر دیا ہے۔ مجھے مسرت ہے کہ سندھ مسلم خواتین سے مجھے ملاقات کا موقع ملا۔

۱۹۴۷ء ۱۲ جنوری کو سندھ میں گرلز ہائی سکول کراچی کی بنیاد رکھی۔ ۲۸ فروری کراچی سے بمبئی آئیں۔ قائداعظم بھی ان کے ساتھ تھے۔ ۴ اپریل کو بمبئی سے نئی دہلی پہنچیں۔ ۶ اپریل لیڈی اور لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے فاطمہ جناح اور قائداعظم کو رات کے کھانے پر مدعو کیا۔

جون ۱۹۴۷ء پلان کا اعلان ہوا جس کی رو سے ہندو پاک کی تقسیم عمل میں آئی تو پھر فاطمہ جناح نے مسلم خواتین دہلی کے سپاس نامے کے جواب میں کہا'' جیسا کہ آپ سب جانتی ہیں خدا کے فضل سے ہماری

۱۹۴۷ء کوشش اور مسلمانوں کی فوری جدوجہد کو ہم نے گذشتہ کئی سال سے جاری کر رکھا ہے ایک شاندار اور کامیاب منزل پر پہنچ چکی ہے۔مملکت پاکستان ۱۵، اگست کو قائم ہونے والی ہے۔جس کو ایک ماہ سے بھی کم مدت باقی ہے۔مسلم ہندوستان کو دنیا کے نقشہ پر ایک مقام حاصل ہوگیا ہے۔ہندوستان کی مسلم خواتین نے اپنے بھائیوں کے شانہ بشانہ اقدام کیا اور جنگ کی کاری ضرب برداشت کی۔میں سارے ہندوستان کی مسلمان بہنوں پر فخر کرتی ہوں اور اس موقع پر سب کو مبارک باد پیش کرتی ہوں''۔

۷ اگست کو آپ قائداعظم کے ہمراہ کراچی تشریف لے آئیں۔

۹ اگست کو غلام حسین ہدایت اللہ نے قائداعظم اور آپ کو رات کے کھانے پر مدعو کیا۔قائداعظم نے اپنی بہن کو ان لفظوں میں خراج تحسین پیش کیا اور ان کی خدمات کا اعتراف کیا۔

''مس جناح میرے لیے حوصلہ افزائی اور تقویت کا مستقل ذریعہ ہیں۔جن دنوں اس بات کا خطرہ تھا کہ انگریز حکومت مجھے گرفتار کرلے گی یہ میری بہن ہی تھی جس نے میرا حوصلہ بلند رکھا اور اس وقت جب انقلاب رونما ہونے کو تھا انہوں نے امید افزا باتیں کیں اور میری صحت کا ہمیشہ بہت خیال رکھا۔

۱۱ اگست، پاکستان کی پہلی آئینی اسمبلی کے سیشن میں مہمان کے طور پر شرکت کی۔یہ اجلاس سندھ اسمبلی ہال میں ہوا۔

۱۵ اگست، محترمہ فاطمہ جناح نے پرچم کشائی کی تقریب میں شرکت کی۔پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کی حیثیت سے قائداعظم نے حلف اٹھایا۔

۲۴ اگست، فاطمہ جناح نے ڈان اخبار کو انٹرویو دیا۔

اکتوبر میں لاہور تشریف لائیں تو صورت حال کا جائزہ لیا اور محسوس کیا کہ لیڈی ڈاکٹروں کی ملک کو اشد ضرورت ہے۔طے پایا کہ بالک رام میڈیکل کالج اور اس سے تمام ملحقہ ادارے جہاں پناہ گزین ہیں خالی کرائے جائیں اور اسے زنانہ کالج میں تبدیل کیا جائے۔جو بعد میں ''فاطمہ جناح میڈیکل کالج کے نام سے مشہور ہوا۔ یہ نہ صرف پاکستان بلکہ تمام عالم اسلام میں اپنی نوعیت کی واحد درس گاہ تھی۔

۲۱ دسمبر کو لاہور میں انسداد تپ دق کانفرنس منعقد ہوئی جس کا افتتاح فاطمہ جناح نے کیا اور اس خواہش کا اظہار کیا کہ پاکستان سے تپ دق کا تدارک کیا جائے۔

۱۹۴۸ء فروری مسلم انڈسٹریل ہوم کراچی اور مسلم لیڈی ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ کراچی کا افتتاح کیا۔

۱۵، مارچ گورنر جنرل ہاؤس کراچی پاکستان ریڈ کراس، کراچی میں شرکت جس میں قائداعظم نے خطاب کیا۔

۱۹۴۸ء مارچ، قائداعظم کے ساتھ ڈھاکہ کا دورہ کیا۔

۲۳ مارچ ڈھاکہ میں خواتین مسلم لیگ کے اجلاس سے خطاب کیا۔

۲۶ مارچ چٹاگانگ میں خواتین کے اجلاس سے خطاب کیا۔

۲۸ مارچ ڈھاکہ ریڈیو سے اپنی نشری تقریر میں خواتین کو ترغیب دی کہ زیادہ سے زیادہ نرسنگ، ٹیچنگ، اور ڈاکٹری کے شعبے کی طرف توجہ دیں۔

اپریل، قائداعظم کے ساتھ صوبہ سرحد کا دورہ کیا۔

۱۸ اپریل پشاور میں خواتین مسلم لیگ سے خطاب کیا۔

۱۹ اپریل پشاور کے کانونٹ سکول کا دورہ کیا۔

۲۰ اپریل پشاور میں خواتین نیشنل گارڈ سے خطاب کیا۔

۲۳ اپریل گرلز گائیڈ تنظیم پاکستان میں قائم ہوئی اور فاطمہ جناح اس کی سرپرست بنائی گئیں۔

۸ مئی ماما گرلز ہائی سکول کے سالانہ کھیلوں کی صدارت کی۔

۲۵ مئی قائداعظم کے ساتھ کوئٹہ تشریف لائیں۔

۱۲۔۲۹ جون قائداعظم کے ساتھ بلوچستان کا دورہ کیا۔

۱۴ جولائی قائداعظم کے ساتھ زیارت تشریف لے گئیں۔

۱۳ اگست قائداعظم کے ساتھ کوئٹہ تشریف لائیں۔

۱۱ ستمبر قائداعظم کے ساتھ کراچی آئیں جہاں پہنچنے کے بعد وہ انتقال کر گئے۔

۲۷ ستمبر ریڈیو پاکستان کراچی سے نشری تقریر کی۔

۵ نومبر کشمیر ریلیف کمیٹی کی صدر کی حیثیت سے لوگوں سے عطیات دینے کی اپیل کی۔

۱۸ نومبر آل پاکستان مسلم یوتھ کنونشن سے خطاب کیا۔

دسمبر، مہاجرین کے لیے کراچی میں ایک ڈسپنسری کا افتتاح کیا۔

۱۹۴۹ء ۲۸ جنوری، مدرسۃ بنات الاسلام کراچی کے افتتاح کے موقع پر تقریر کی۔

۲۰ فروری کو مؤتمر عالم اسلامی کے زنانہ اجلاس سے خطاب کیا۔

۲۴۔۲۵ فروری فلسطین ڈے کے موقع پر جہانگیر پارک کراچی میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔

۱۶ مارچ کو ینگ وویمنز مسلم ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام "شمع لیڈیز انڈسٹریل ہوم کراچی" کا افتتاح کیا۔

۱۹۴۹ء ۲۵ مارچ کو مس فاطمہ جناح نے آل پاکستان فوٹو گرافک سوسائٹی کی جانب سے عکاسی کی پہلی سالانہ نمائش کا افتتاح کیا۔

۲۱ اپریل کو گول باغ لاہور میں مختلف سپاس ناموں کا جواب دیا۔

۲۱ اپریل کو لاہور میں یوم اقبال کے موقع پر صدارتی خطاب کیا۔

۲۳ اپریل کو لاہور میں گرل گائیڈز کا ایک مظاہرہ ہوا جس میں فاطمہ جناح نے تقریر کی۔

۲۵ اپریل کو محترمہ فاطمہ جناح نے انجمن تحفظ حقوق نسواں، لاہور سے خطاب کیا۔

۲۶ اپریل کو محترمہ فاطمہ جناح نے قصر استقلال میں تقریر کی۔

۲۷ اپریل کو لاہور کے قومی رضا کاروں کی طرف سے خاتون پاکستان کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا۔ جس کا فاطمہ جناح نے جواب دیا۔

۲۹ اپریل کو محترمہ فاطمہ جناح نے خواتین پشاور کے اجتماع سے خطاب کیا۔

۳۰ اپریل کو پشاور مسلم لیگ کے سپاسنامہ کا جواب دیتے ہوئے ایک اجتماع سے خطاب کیا۔

۲ مئی کو ہاٹ پاس سے پارا چنار تک سفر کیا۔

۹ مئی، خواتین پاراچنار (صوبہ سرحد) سے خطاب کیا۔

۱۳ مئی، خاتون پاکستان نے پاراچنار کے عوام سے خطاب کیا۔

۱۴ مئی، اسلامیان کوہاٹ کے ایک اجتماع میں تقریر کی۔

۱۵ مئی، پشاور واپس آئیں۔

۱۶ مئی، خاتون پاکستان نے سیدو شریف ریاست سوات کے مدرسہ ودودیہ کا معائنہ کیا۔

۱۹ مئی، خاتون پاکستان نے مجاہدین چناری کو خطاب کیا۔

۱۹ مئی، خاتون پاکستان نے مظفر آباد میں مجاہدین کشمیر سے خطاب کیا۔

۲۰ مئی، مسلمانان مانسہرہ کی طرف سے پیش کیے گئے ایک سپاسنامہ کا جواب دیا۔

۲۱ مئی، خواتین ایبٹ آباد کے ایک اجتماع سے خطاب کیا۔

۲۲ مئی، دادر ٹی۔بی سینی ٹوریم میں تقریر کی۔

۲۳ مئی، خاتون پاکستان محترمہ فاطمہ جناح نے ایبٹ آباد میں تقریر کی۔

۲۴ مئی، واہ کیمپ میں مہاجرین کشمیر سے خطاب کیا۔

۱۹۴۹ء ۲۴ مئی، واہ لیڈیز کلب میں خواتین کے ایک جلسہ میں تقریر کی۔
۲۷ مئی، پنجاب، سرحد اور آزاد کشمیر کے دورے مکمل کر کے کراچی آ ئیں۔
۱۲ جون کو شب برات کے موقع پر بمقام مزار قائداعظم منعقدہ یوم شہدا کے جلسہ میں خطاب کیا۔
۱۷ جون، خاتون پاکستان نے مسلم ویمنز انڈسٹریل ہوم کراچی کی نمائش کا افتتاح کیا۔
۲۵ جون، خاتون پاکستان نے قوم کے بچوں کے نام ایک اخباری پیغام دیا۔
۲۵ جون، انجمن ترقی اردو کے زیر اہتمام اردو کالج کی تقریب افتتاح کے موقع پر خاتون پاکستان نے پیغام بھیجا۔
۲۹ جون، کو عید الفطر کی تقریب پر محترمہ فاطمہ جناح نے پیغام دیا۔
۱۴ اگست، کو خاتون پاکستان محترمہ فاطمہ جناح نے یوم استقلال پاکستان کی دوسری سالگرہ کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں پاکستان کے نوجوانوں کو خطاب کیا۔
۱۴ اگست، یوم استقلال پاکستان کی تقریب پر گوردھن داس مارکیٹ کراچی میں پاکستان کا قومی جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کرتے ہوئے خاتون پاکستان نے خطاب کیا۔
۱۴ اگست پاکستان کے دوسرے یوم استقلال کی تقریب کے موقع پر خاتون پاکستان نے قوم کے نام پیغام دیا۔
۱۴ اگست، گورنمنٹ سنٹرل زنانہ کالج کراچی میں قیام پاکستان کی دوسری سالگرہ کی تقریب کی صدارت کرتے ہوئے فاطمہ جناح نے خطاب کیا۔
۱۵ اگست، ڈومیڈیکل کالج کراچی میں قیام پاکستان کی دوسری سالگرہ بڑے اہتمام سے منائی گئی۔ اس موقع پر قائداعظم کی تصویر کی نقاب کشائی کرتے ہوئے خاتون پاکستان نے خطاب کیا۔
۱۹ اگست، کو مس فاطمہ جناح نے مسلم لیڈیز ٹیکنیکل و انڈسٹریل انسٹی ٹیوٹ کراچی کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات میں تقریر کی۔
۱۱ ستمبر کو حضرت قائداعظمؒ کی پہلی برسی کے موقع پر خاتون پاکستان نے ایک نشری تقریر میں اہل پاکستان کو خطاب کیا۔
۲۲ ستمبر کو عالمی یوم صحت کے سلسلے میں نمائش اطفال کا افتتاح کرتے ہوئے خاتون پاکستان نے حطاب کیا۔
۲۳ ستمبر، مس فاطمہ جناح نے آل پاکستان ہومیو پیتھ کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے خطاب کیا۔
۲۷ ستمبر، سندھ کالج کراچی کی انجمن اتحاد طلباء کا افتتاح کرتے ہوئے خاتون پاکستان نے خطاب کیا۔

۱۹۴۹ء ۲۹ ستمبر کو یتیم خانہ انجمن حیات الاسلام کراچی کے معائنہ کے موقع پر تقریر کی۔

۱۵ اکتوبر، پاکستان لائبریری ایسوسی ایشن کے سہ ماہی رسالہ ''موڈرن لائبریرین'' کے اجراء پر خاتون پاکستان نے پیغام بھیجا۔

۲۰ اکتوبر کو مہاجرین کی نوآبادی واقع کلفٹن روڈ کراچی کا افتتاح کیا اور خطاب فرمایا۔ یہ آبادی ۱۸۰ کوارٹرز پر مشتمل تھی۔

۲۵ اکتوبر کو ''ایجوکیشن آف پاکستان'' میگزین کے لیے محترمہ نے پیغام دیا۔

۹ نومبر کو اقبال لیڈیز انڈسٹریل ہوم کراچی کے جلسہ تقسیم اسناد کے موقع پر خاتون پاکستان نے خطاب کیا۔

۲۵ نومبر، خاتون پاکستان نے بین الاقوامی اسلامی اقتصادی کانفرنس کراچی کے انعقاد کے موقع پر پیغام بھیجا۔

۳ دسمبر کو کمبائنڈ ملٹری ہسپتال اور سندھ ریڈ کراس کی نمائش کا افتتاح کرتے ہوئے خاتون پاکستان نے خطاب کیا۔

۳ دسمبر، اسٹوڈنٹس یونین کراچی نے اسلامی اقتصادی کانفرنس کے مندوبین کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب منعقد کی۔ خاتون پاکستان نے اجتماع سے خطاب کیا۔

۱۸ دسمبر، میری کلاسو اسکول کے جلسہ تقسیم انعامات میں تقریر کی۔

۲۱ دسمبر کو خاتون پاکستان محترمہ فاطمہ جناح نے بہادر یار جنگ کالونی واسکول کراچی کا معائنہ فرمایا۔

۲۷ دسمبر، انڈونیشیا کے حصول آزادی کے موقع پر کراچی میں محترمہ فاطمہ جناح کی صدارت میں ایک جلسۂ عام منعقد ہوا۔ اس موقع پر فاطمہ جناح نے تقریر کی۔

۱۹۵۰ء ۸ جنوری، پیر آباد سکول کراچی میں انڈسٹریل کلاس کا افتتاح کیا۔

۱۴ جنوری، حیدرآباد سندھ کا دورہ کیا۔

۱۷ جنوری، گورنمنٹ کالج حیدرآباد کے طلبا سے خطاب کیا۔

۱۸ جنوری، زنانہ انجمن تبلیغ اسلام کراچی کے زیر اہتمام زنانہ جلسہ عید میلاد النبیؐ سے خطاب کیا۔

۷ فروری، ورلڈ مسلم کانفرنس کراچی کے خواتین سیشن سے خطاب کیا۔

۱۴ فروری، مدرستہ البنات کراچی کے پہلی سالگرہ کے موقع پر خطاب کیا۔

۱۵ فروری، پاکستان کے گرلز گائیڈ کو پیغام دیا۔

۲۲ فروری، گرلز گائیڈ کراچی ڈویژن کی سالانہ ریلی سے خطاب کیا۔

۱۹۵۰ء ۱ مارچ، آل پاکستان ڈینٹل ہاسپٹل، لاہور کو پیغام بھیجا۔

۱۷ مارچ، فاطمہ جناح میڈیکل کالج کی پہلی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کی صدارت کی۔

۱۸ مارچ، لاہور گرلز گائیڈ کے سپاس نامہ کے جواب میں ان سے خطاب کیا۔

۲۰ مارچ، لاہور میں خواتین پنجاب کے اجلاس سے خطاب کیا۔

۲۱ مارچ، زمیندار کالج گجرات کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کی مہمان خصوصی بنیں۔ گجرات میں پہلے زنانہ کالج کا افتتاح کیا۔

۲۴ مارچ، لاہور کارپوریشن میں ایک استقبالیہ سے خطاب کیا۔

۲۴ مارچ، لاہور میں گونگے اور بہرے بچوں کے سکول کا دورہ کیا۔

۲۱ اپریل، یوم اقبال پر مرکزی اقبال کمیٹی لاہور کے اجلاس سے خطاب کیا۔ انجمن ترقی مسلم خواتین پاکستان کے یوم اقبال کے اجلاس میں خطاب کیا۔

۲ مئی، عالم یوم صحت کے سلسلے میں بچوں کی نمائش کے موقع پر مہمان خصوصی بنیں۔

۱۲ مئی، نیو ٹاؤن گرلز ہائی سکول، کراچی کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات کی صدارت کی۔

۲۲ مئی، آل پاکستان یونانی طبی کانفرنس کراچی کی مہمان خصوصی بنیں اور خطبۂ استقبالیہ ارشاد فرمایا۔

۱۶ جولائی، عیدالفطر کے موقع پر مادر ملت نے پیغام دیا۔

۱۴ اگست، آزادی کی تیسری سالگرہ کے موقع پر قوم کو پیغام دیا۔ کراچی میں سندھ گورنمنٹ سائنس کالج کے طلباء سے خطاب کیا۔

۱۵ اگست، ڈی۔ جے سندھ کالج کراچی کے طلباء سے خطاب کیا۔

۱۱ ستمبر، قائداعظم کی دوسری برسی کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔

۲۵ اکتوبر، کراچی سے ایک بیان جاری کر کے اس پریس رپورٹ کی تردید کی کہ انہوں نے پاکستان مسلم لیگ کی صدارت قبول کر لی ہے۔

۲ نومبر، آل پاکستان نیوز پیپرز ایڈیٹرز کانفرنس لاہور کو پیغام دیا۔

۱۴ نومبر، پاکستان سنٹرل گورنمنٹ گرلز ہائی سکول، کراچی کے تیسرے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات کی صدارت کی۔

۱۸ نومبر، ماما گرلز ہائی سکول کراچی کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات میں تقریر کی۔

۱۹۵۰ء ۲ دسمبر، آل پاکستان مدیران جرائد کانفرنس کے نام پیغام دیا۔

۲۲ دسمبر، عیدمیلادالنبیؐ کے موقع پر آرام باغ کراچی سے خطاب کیا۔

۲۲ دسمبر، سندھ مسلم کالج کراچی کے سالانہ کھیلوں کی تقسیم انعامات کے موقع پر خطاب کیا۔

۱۹۵۱ء ۶ مارچ، پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے انتخابات کے موقع پر لوگوں کو پیغام دیا۔

۸ مارچ، سنٹرل گورنمنٹ کالج برائے خواتین کراچی کے سالانہ کھیلوں کے تقسیم انعامات کے موقع پر مہمان خصوصی بنیں۔

۷ اپریل، بچوں کے صحت کے مقابلے میں، جوڈومیڈیکل کالج کراچی میں منعقد ہوا محترمہ مہمان خصوصی بنیں۔

۲۱ اپریل، یوم اقبال سنٹرل اقبال کمیٹی لاہور کے زیراہتمام گول باغ میں یوم اقبال کے جلسے کی صدارت کی۔

۲۳ اپریل، لاہور میں گرلز گائیڈ کی ریلی سے خطاب کیا۔

۲۸ اپریل، زمیندار کالج گجرات کے طلبا سے خطاب کیا۔ کالج برائے خواتین گجرات کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات کی صدارت کی۔

۳۰ اپریل، انجمن حمایت اسلام لاہور زنانہ یتیم خانہ کا دورہ کیا۔

۲ مئی، سیالکوٹ میونسپلٹی کے اجلاس سے خطاب کیا۔ ۱۸ مئی، رونق اسلام سکول کراچی کے جلسے کی صدارت کی

۵ جولائی، عیدالفطر کے موقع پر کراچی سے قوم کو پیغام دیا۔

۲۵ ستمبر، قوم سے نشری خطاب کیا۔

۱۷ اکتوبر، وزیراعظم لیاقت علی خان کی وفات پر تعزیت کا پیغام بھیجا۔

۲۳ نومبر، جناح ہاسپٹل کراچی کو ایک ایمبولینس کا عطیہ دیا۔

۲ دسمبر، سلیقہ سلائی کراچی کے ادارہ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔

۱۶ دسمبر، ٹنڈو جام میں خواتین کے اجلاس سے خطاب کیا۔ جہاں یہ فیصلہ ہوا کہ ٹنڈو جام سکول کا نام ان کے نام پر رکھا جائے گا۔

۳۰ دسمبر، پردہ باغ ملتان میں خواتین کے اجلاس سے خطاب کیا۔

بہاولپور ریلوے اسٹیشن پر اجتماع سے خطاب۔

۱۹۵۲ء ۸ جنوری، مدرسۃ البنات لاہور کی طالبات سے خطاب کیا۔

۱۵ جنوری، انہوں نے کراچی میں بیان دیا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی سوانح حیات ان کی زیر نگرانی

۱۹۵۲ء لکھوائی جارہی ہے اور حکومت پاکستان کے تحت جو سوانح حیات ہیکٹر بولیتھو لکھ رہے ہیں اس کے ساتھ ان کا کوئی تعلق نہیں۔

۵ مارچ، کراچی سے ملتان پہنچیں، ویمنز کالج کے طلبہ سے خطاب کیا۔

۶ مارچ، ملتان سے بہاولپور پہنچیں۔

۷ مارچ، لائل پور، (فیصل آباد) میں خواتین گورنمنٹ کالج سے خطاب کیا۔

۹ مارچ، لائلپور (فیصل آباد) میں شہریوں کے ایک استقبالیہ سے خطاب کیا۔

۱۱ مارچ، لاہور کالج برائے خواتین کے کنووکیشن کے موقع پر خطاب کیا۔

۱۳ مارچ، کالج برائے خواتین گجرات کے کنووکیشن کے موقع پر خطاب کیا۔

۲۸ مارچ، سالانہ جلسہ تقسیم انعامات گورنمنٹ گرلز سکول کراچی کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات میں مہمان خصوصی بنیں۔

۱۷ اپریل، کراچی میں قادری ڈسپنسری کا افتتاح کیا۔

۲۳ جون، عیدالفطر کے موقع پر قوم کو پیغام دیا۔

۲۷ جون، روٹری کلب کراچی کے سالانہ ڈنر کی مہمان خصوصی بنیں۔

۱۹۵۳ ۲۴ فروری، خاتون پاکستان ایجوکیشن اینڈ ویلفیئر ٹرسٹ کراچی کے اجلاس میں جو کہ فلیگ سٹاف ہاؤس میں منعقد ہوا، کی صدارت کی۔

۱۴ جون، عیدالفطر کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔

۱۴ اگست، یوم آزادی کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔

۱۱ ستمبر، ریڈیو پاکستان کراچی سے قائداعظم کی برسی کے موقع پر تقریر نشر کی۔

۲۲ اکتوبر، ڈرگ روڈ کراچی کے قریب مہاجر کالونی کی بنیاد رکھی۔

۹ دسمبر، سندھ مسلم کالج کراچی کی ہسٹری سوسائٹی کا افتتاح کیا۔

۲۵ دسمبر، قائداعظم کی سالگرہ کے موقع پر پیغام دیا۔

۱۹۵۴ء ۲۳ جنوری، کراچی یونیورسٹی کالج میں اسلامی تاریخ و ثقافت سوسائٹی کا افتتاح کیا۔

یکم مارچ، ڈھاکہ سے میمن سنگھ آئیں اور ایک جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۳ مارچ، باریسال میں ایک جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۱۹۵۴ء ۸ مارچ، ''مارننگ نیوز'' ڈھاکہ کو انٹرویو دیا۔
۱۳ مارچ، سندھ مسلم کالج کراچی کے سالانہ اجلاس کی صدارت کی۔
۲ جون، عیدالفطر کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔
۹ اگست، عیدالضحیٰ کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔
۲۷ اگست، کراچی گرلز کیڈٹ کے دن کے موقع پر اجلاس کی صدارت کی۔
۱۱ ستمبر، ریڈیو پاکستان سے قائداعظم کی برسی کے موقع پر تقریر کی۔
۴ نومبر، کراچی میں طلبا کے فوٹوگرافی کے مقابلے اور نمائش کے جلسے کی صدارت کی۔
۲۵ دسمبر، قائداعظم کی برسی کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔

۱۹۵۵ء ۱۸ جنوری، وائی۔ایم۔سی۔اے کراچی میں بحالی خواتین کمیٹی کے زیر اہتمام گڑیوں کی نمائش کا افتتاح کیا۔
۱۹ مارچ، جامعہ تعلیم ملی ملیر کراچی کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات کی صدارت کی۔
۲۸ مارچ، مسلم ویمن ٹیکنیکل وانڈسٹریل انسٹیٹیوٹ، کراچی میں مہمان خصوصی بنیں۔
۱۳ اپریل، کراچی سے پریس کو بیان دیا اور قانون کی حکمرانی کے نفاذ پر زور دیا۔
۲۴۔۲۵ مئی، عیدالفطر کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔
۲۷ مئی، کراچی میں مسلم لیگ کے راہنماؤں کے ایک وفد کا استقبال کیا۔
۲۹ جولائی، مظفرآباد کشمیر میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔
۱۴ اگست، یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۶ ستمبر، سیلاب کی امدادی کمیٹی کی چیئرپرسن کے طور پر جو رقوم بیرونی ممالک سے آئی تھیں انہیں مختلف اضلاع میں تقسیم کیا۔
۱۱ ستمبر، قائداعظم کی برسی کے موقع پر ریڈیو پاکستان سے قوم کے نام پیغام دیا۔
۲۳ ستمبر، مدرسہ انوارالعلوم، کراچی کی سالانہ تقسیم انعامات کے اجلاس کی صدارت کی۔
یکم اکتوبر، آل پاکستان مہاجرین کنونشن، جس کا افتتاح سردار عبدالرب نشتر نے کیا، کو پیغام بھیجا۔

۱۹۵۶ء ۳ فروری، کراچی میں کونسل آف پاکستان ایڈیٹرز کی تین روزہ سالانہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔
۱۶ فروری، خان عبدالقیوم خان سے ملاقات کی۔
۳ مارچ، اردو کالج کراچی کے جلسہ تقسیم انعامات کی صدارت کی۔
۵ مارچ، ویمن انڈسٹریل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کراچی کا افتتاح کیا۔

۱۹۵۶ء ۱۱ مارچ، میر پور خاص، کی میونسپل کارپوریشن کے استقبالیہ میں مہمان خصوصی بنیں۔

۲۳ مارچ، یوم پاکستان کے موقع پر پیغام دیا۔

۲۴ مارچ، روسی وفد سے فلیگ سٹاف ہاؤس کراچی میں ملاقات کی۔

۱۱ اپریل، فلیگ سٹاف ہاؤس کراچی میں لیڈی سر ہدایت اللہ کے ساتھ ظہرانہ میں شرکت کی۔

۱۹ اپریل، ممتاز دولتانہ اور الماس دولتانہ سے ملاقات کی۔

۲۷ اپریل، لاہور میں ٹی۔ بی کانفرنس کو پیغام بھیجا۔

۳ مئی، کراچی میں مسٹر اور مسز ایوب کھوڑو کی طرف سے دیے گئے ڈنر میں شرکت کی۔

۱۳ مئی، عیدالفطر کے موقع پر قوم کے نام پیغام بھیجا۔

۲۳ مئی، اردو کالج کراچی کے سالانہ مباحثے کی تقریب کی صدارت کی۔

۲ جولائی، فلیگ سٹاف ہاؤس میں پاکستان ایجوکیشن اینڈ ویلفیئر بورڈ کے اجلاس کی صدارت کی۔

۱۸ جولائی، عیدالضحیٰ کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۴ اگست یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۱ ستمبر، قائداعظم کی برسی کے موقع پر ریڈیو پاکستان سے تقریر نشر کی۔

۲۵ ستمبر، ایس۔ ایم۔ کالج طلباء یونین کراچی سے خطاب کیا۔

۲۶ ستمبر، مرکزی سیلاب امدادی کمیٹی کے صدر کی حیثیت سے مغربی پاکستان کے متاثرین کے لیے ایک لاکھ روپے کی منظوری دی۔

۶ نومبر، آل پاکستان طبی کانفرنس لاہور کے نام پیغام بھیجا۔

۱۷ نومبر، رونق اسلام گرلز سیکنڈری سکول کراچی کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات کی صدارت کی۔

۲۵ دسمبر، قائداعظم کی سالگرہ کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۲۹ دسمبر، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کراچی کے سالانہ ڈنر کے موقع پر مہمان خصوصی بنیں۔

۱۹۵۷ء ۲۴ جنوری، پاکستان صنعتی نمائش کا افتتاح کیا۔

۲۶ جنوری، جناح کالج یونین، کراچی کے سالانہ اجلاس کی صدارت کی۔

۲ مئی، عیدالفطر کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۹ مئی، پشاور تشریف لائیں۔ پشاور یونیورسٹی یونین کے افتتاحیہ اجلاس سے خطاب کیا۔

۱۹۵۷ء ۱۰ مئی، وارسک ڈیم میں وارسک ڈیم پراجیکٹ کا دورہ کیا۔
۱۱ مئی، پشاور میں گرلز گائیڈ ریلی سے خطاب کیا۔
۱۲ مئی، عیدالفطر کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
پشاور کے شہریوں کی طرف سے استقبالیہ میں مہمان خصوصی بنیں۔
۱۳ مئی، پشاور کے فرنٹیئر کالج برائے خواتین کے اساتذہ سے خطاب کیا۔
۱۴ مئی، راولپنڈی پہنچیں۔
۱۵ مئی، میر پور (آزاد کشمیر) پہنچیں۔
جلسہ عام سے خطاب کیا اور میر پور کی بہبود کے لیے ۲لاکھ ۲۵ ہزار روپے کی گرانٹ کا اعلان کیا۔
۲۱ مئی، مردان کے شہریوں کی طرف سے استقبال۔
۳ جون، سیدو شریف میں جہاں زیب کالج کی تقریب میں مہمان خصوصی بنیں۔
۹ جولائی، عیدالضحیٰ کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔
۱۴ اگست، یوم آزادی کے موقع پر خطاب میں کہا کہ لوگوں کو چاہیے کہ جمہوریت کی طرف آگے بڑھیں۔
۱۱ ستمبر، قائداعظم کی برسی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
یکم اکتوبر، سندھ مدرسہ کی سائنس کالج طلبا یونین کا افتتاح کرتے ہوئے قائداعظم کی ذاتی جائیداد میں سے تین لاکھ پچاس ہزار روپے سندھ مدرسہ بورڈ کراچی کو دیئے۔
۳ اکتوبر، اسلامیہ کالج برائے خواتین لاہور کی طالبات سے خطاب کیا۔
۷ دسمبر، اسلامیہ کالج لاہور کے طلبہ سے خطاب کیا۔
۹ دسمبر، کینگ اینڈورڈ میڈیکل کالج کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات میں صدارت کی۔
۲۵ دسمبر، قائداعظم کے یوم ولادت پر نشری تقریر کی۔

۱۹۵۸ء ۲۳ مارچ، سندھ مسلم کالج کراچی کے سالانہ تقریبات کے موقع پر مہمان خصوصی بنیں۔
۱۲ اپریل، کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور میں ٹی۔ بی کا ہفتہ منانے کے سلسلے میں ایک تقریب کی صدارت کی۔
۲۱ اپریل، عیدالفطر کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔
۳۱ مئی، مسلم زنانہ انڈسٹریل اینڈ ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ کراچی کے سالانہ تقریبات کی صدارت کی۔

۱۹۵۸ء ۲۹ جون، عیدالضحیٰ کے موقع پر قوم کے نام پیغام۔

۱۶ جولائی، خاتون پاکستان گرلز ہائی سکول، کراچی کا افتتاح کیا۔

۱۴ اگست، یوم آزادی کے موقع پر پیغام دیا۔

۱۵ اگست، کراچی میں مشرقی طب کے ایک ادارے جامعہ طبیہ شرقیہ کا افتتاح کیا۔ جسے ہمدرد دواخانہ ٹرسٹ نے قائم کیا۔ حکیم محمد سعید ٹرسٹ کے سیکرٹری تھے۔

۱۱ ستمبر، قائد کی برسی کے موقع پر ریڈیو پاکستان سے تقریر نشر کی۔

۱۹ ستمبر، سیرت کانفرنس کے زنانہ شعبے کا افتتاح کیا۔

۸ اکتوبر، بزم خواتین میلادالنبیؐ کانفرنس کراچی سے خطاب کیا۔

۲۸ اکتوبر، میجر جنرل اسکندر مرزا کی برخاستگی پر ایک پیغام میں اظہار مسرت کیا۔

۲۵ دسمبر، قائداعظم کی سالگرہ کے موقع پر ریڈیو پاکستان سے پیغام نشر کیا۔

۱۹۵۹ء ۷ مارچ، مشرقی پاکستان محفل لائبریری، فیڈرل ایریا کراچی کا افتتاح کیا۔

۱۰ اپریل، عیدالفطر کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۱ اگست، آزاد کشمیر میں صحت و تعلیم کی ترقی کے لیے ایک لاکھ ساٹھ ہزار روپے کا عطیہ دیا۔

۱۴ اگست، یوم آزادی پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۱ ستمبر، قائداعظم کی برسی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۷ اکتوبر، نیشنل ٹی۔ بی ایسوسی ایشن کے سرپرست اعلیٰ ہونے کی حیثیت سے ٹی۔ بی ایسوسی ایشن لاہور کے اجلاس میں پیغام بھیجا۔

۲ نومبر، سندھ یونیورسٹی طلبا یونین، حیدرآباد کا افتتاح کیا۔

۱۹۶۰ء ۱۸ فروری، نیشنل ٹی۔ بی ایسوسی ایشن کراچی کے پہلے سالانہ کونسل اجلاس کا افتتاح کیا اور ایسوایشن کو ۲۵ ہزار روپے کا عطیہ دیا۔

۲۰ فروری، سائنس یونین جناح کالج کراچی کے افتتاحی تقریب سے خطاب کیا اور پچاس ہزار روپے کا عطیہ دیا۔

۱۵ اپریل لیفٹیننٹ کرنل (ر) الٰہی بخش کی وفات کے موقع پر ان کی بیوی کے نام پیغام تعزیت بھیجا۔

۲۸ اپریل، خاتون پاکستان گرلز سیکنڈری سکول، سٹیڈیم روڈ، کراچی کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات کے موقع پر

۱۹۶۰ء مہمان خصوصی بنیں۔
۱۴ اگست، یوم آزادی پر قوم سے خطاب کیا۔
۳ ستمبر، کراچی میں ایتھلیٹک کلب وائی۔ ایم۔ سی۔ اے کے جلسہ تقسیم انعامات میں مہمان خصوصی بنیں اور پانچ ہزار روپے کا عطیہ دیا۔
۱۱ ستمبر، قائداعظم کی برسی کے موقع پر پیغام دیا۔
۱۹ ستمبر، ویلفئیر انڈسٹریل ہوم کراچی کا افتتاح کیا۔
۲۶ ستمبر، آئی۔ آئی۔ چندریگر کی وفات کے موقع پر اظہار تعزیت کا پیغام بھیجا۔
۲۴ نومبر، جناح سائنس کالج، کراچی کا افتتاح کیا۔ اس کے ٹیکنیکل بلاک کا سنگ بنیاد رکھا۔
۲۵ دسمبر، قائداعظم کی سالگرہ کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۹۶۱ء ۱۲ مارچ، نیشنل ٹی۔ بی ایسوسی ایشن لاہور کے نام پیغام دیا جس میں لوگوں سے زیادہ سے زیادہ عطیات دینے کی اپیل کی۔
۳۰ جون، کراچی سے ذاتی دورے پر بیروت روانہ ہوئیں۔ جانے سے بیشتر جناح کالج کراچی کے ٹیکنیکل شعبے کو پینتیس ہزار روپے کا عطیہ دیا۔
۷ جولائی، جنیوا پہنچیں۔
۶ ستمبر، مشرق وسطیٰ اور یورپ میں تقریباً دو ماہ گذار کر وی آنا کے راستے کراچی پہنچیں۔
۱۱ ستمبر، قائداعظم کی برسی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا اور مزار قائد پر فاتحہ پڑھی۔
۱۰ اکتوبر، جناح پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ کا افتتاح کیا۔ جسے انجمن اسلامیہ کراچی نے قائم کیا۔
۶ نومبر، رونق اسلام گرلز سیکنڈری سکول کراچی کے سالانہ تقریبات کی صدارت کی۔
یکم دسمبر، سندھ مسلم سائنس کالج طلباء یونین کراچی کا افتتاح کیا۔
۲۵ دسمبر، قائداعظم کی سالگرہ کے موقع پر قوم سے خطاب کیا۔

۱۹۶۲ء ۵ جنوری، سیکرٹری سندھ مدرسہ بورڈ، کراچی کو ایک لاکھ روپے کا عطیہ دیا تا کہ اس کی توسیع کی جا سکے۔ یہ رقم قائداعظم کے پیسوں میں سے ادا کی گئی۔
۱۹ جولائی، ڈسٹرکٹ مسلم لیگ ملتان کے جلسے، جس کی صدارت مخدوم محمد سجاد حسین قریشی نے کی، میں محترمہ سے مسلم لیگ کی صدارت قبول کرنے کی درخواست کی گئی۔

۱۹۶۲ء ۲۵ ستمبر، مسلم لیڈیز ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ کراچی کے جلسہ تقسیم انعامات اوراسناد کے موقع پر مہمان خصوصی بنیں۔

۱۸ اکتوبر، کراچی سے لاہور پہنچیں، فاطمہ جناح میڈیکل کالج لاہور کے سالانہ جلسہ کی صدارت کی۔

۱۹ اکتوبر، فاطمہ جناح کمیونٹی ہیلتھ سینٹر، لاہور کا افتتاح کیا۔

۲۱ اکتوبر، آل پاکستان نیشنل ٹی۔ بی کانفرنس لاہور کا افتتاح کیا۔ گلبرگ میں گونگے بہروں کے لیے ایک پراجیکٹ ''گنگ محل'' کا سنگ بنیاد رکھا۔

۲۲ اکتوبر، لاہور، میونسپل کارپوریشن کے استقبالیہ میں شرکت کی۔ ایک روزنامہ کو انٹرویو دیتے ہوئے بتایا کہ جب قائداعظم کی وفات ہوئی تو انہوں نے مسلم لیگ کے فنڈ میں چھیالیس لاکھ روپے چھوڑے تھے جن میں سے اب صرف چند لاکھ روپے باقی بچے ہیں۔ اس کے بعد راولپنڈی روانہ ہوگئیں۔

۲۳ اکتوبر، ٹرنک بازار راولپنڈی میں انجمن فیض الاسلام یتیم خانہ کا دورہ کیا اور انہیں دس ہزار روپے کا عطیہ دیا۔ اس کے علاوہ یتیم خانے میں انہیں مختلف شعبے دکھائے گئے۔ انہوں نے وہاں کے مکینوں سے خطاب کیا۔ شام کو شہریوں کی طرف سے انہیں انجمن نے ایک استقبالیہ دیا۔

۲۴ اکتوبر، پشاور میں ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ پشاور یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے علاوہ مسلم لیگ کے لیڈر بھی موجود تھے۔ انہوں نے پشاور یونیورسٹی میں کانفرنس کالج کا سنگ بنیاد رکھا۔ جسے قائداعظم کامرس کالج کا نام دیا گیا۔

۲۹ اکتوبر، گرلز گائیڈ ہاؤس پشاور کا افتتاح کیا۔

۴ نومبر، سرحد مسلم لیگ پشاور کے ایک مجمع سے خطاب کیا، جس سے سرحد مسلم لیگ کے صدر خان مکرم خاں نے بھی خطاب کیا۔

۵ نومبر، فرنٹیئر کالج برائے خواتین کی طلبا یونین کے افتتاحی تقریب میں صدارت کی۔

۲۵ نومبر، آل پاکستان ہومیو پیتھک سائنس کانفرنس لاہور کے پانچویں اجلاس کو پیغام بھیجا۔

۲۵ دسمبر، قائداعظم کی سالگرہ کے موقع پر پیغام بھیجا۔

۷ جنوری، پاکستان مسلم لیگ (کونسل) کی ممبر بن کر اس میں شمولیت اختیار کی۔

۲۲ فروری، انہوں نے کہا کہ انہوں نے مسلم لیگ کے اس حصے میں شرکت کی ہے جسے قائداعظم نے بنایا تھا۔

۲۶ فروری، عیدالفطر کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۵ مئی، عیدالضحیٰ کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۹۶۲ء ۲۱ مئی، مرکزی نرسنگ ہوم، کراچی کا افتتاح کیا۔

۸ ،اگست، محترمہ نے اعلان کیا کہ پاکستان مسلم لیگ، جس کے صدر خواجہ ناظم تھے وہی قائداعظم کی مسلم لیگ تھی۔ یہ بات انہوں نے ای۔ کے۔ خیرالدین سے ایک ملاقات کے دوران کہی۔

۱۴ اگست، یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۱ ستمبر، قائداعظم کی ابرسی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۹۶۳ء ۲۵ دسمبر، قائداعظم کی سالگرہ کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۹۶۴ء ۷ مارچ، ایک انٹرویو میں بتایا کہ وہ جی۔ الانہ کی مدد سے قائداعظم کی سوانح حیات لکھ رہی ہیں۔

۱۳ اپریل کراچی میں ٹی۔ بی ایسوسی ایشن کی ساتویں سالانہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔

۲۳ اپریل، عیدالضحیٰ کے موقع پر قوم کے نام پیغام۔

۲۷ مئی، پنڈت جواہرلال نہرو زیراعظم ہند کی وفات کے موقع پر اندرا گاندھی کو تعزیت کا پیغام بھیجا۔

۴ جولائی، کراچی میں پاکستانی مصنوعات کے فروغ کے لیے لگائے گئے مینا بازار کا افتتاح کیا۔

۱۴ اگست، یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۱ ستمبر، قائداعظم کی برسی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۶ ستمبر، حزب مخالف کی پانچ پارٹیوں سی۔او۔پی کا اجلاس کراچی میں ہوا۔ جس میں محترمہ نے اعلان کیا کہ انہوں نے سی۔او۔پی کی طرف سے آئندہ ہونے والے صدارتی انتخاب لڑنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ یہ جماعتیں کونسل مسلم لیگ، عوامی لیگ نیشنل عوامی پارٹی، نظام اسلام پارٹی اور جماعت اسلامی تھیں۔

۱۹ ستمبر، مختلف حلقوں کی طرف سے محترمہ کو صدارتی انتخاب لڑنے کا فیصلہ کرنے پر مبارک باد دی گئی۔

۲۰ ستمبر، پٹیل پارک کراچی میں انتخابی مہم کے سلسلے میں پہلے جلسے سے خطاب کیا۔

یکم اکتوبر، مغربی پاکستان کا آٹھ روزہ دورہ شروع کیا۔ سب سے پہلے پشاور میں ایک جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۳ اکتوبر، پشاور سے راولپنڈی پہنچیں۔ لیاقت باغ میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔

۴ اکتوبر، لاہور کے شہریوں کی طرف سے گلستان فاطمہ لاہور میں ان کا عظیم استقبال ہوا۔ مغربی پاکستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی اور انتخابات میں اپنی حمایت کا یقین دلایا اور انتخابی فنڈ میں ۳ ہزار روپے کا چیک دیا۔

۶ اکتوبر، لاہور ریلوے اسٹیشن پر پریس سے خطاب کیا۔

۱۹۶۴ء ۷ اکتوبر، پرانے عیدگاہ میدان حیدرآباد میں ایک جلسہ عام سے خطاب کیا۔ لاہور سے حیدرآباد کے راستے میں رائے ونڈ، کوٹ رادھا کشن، اوکاڑہ، ساہیوال، چیچا وطنی، میاں چنوں، خانیوال، ملتان، اور بہاولپور ریلوے اسٹیشنوں پر ریلیوں سے خطاب کیا۔

۸ اکتوبر، کراچی پہنچیں، راستے میں ٹھٹھہ کے عوام سے خطاب کیا۔ کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔

۱۳ اکتوبر، راولپنڈی میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔

۱۵ اکتوبر، ڈھاکہ پہنچیں، پلٹن میدان ڈھاکہ میں جلسے سے خطاب کیا۔

۱۶ اکتوبر، چٹاگانگ کے لیے روانہ ہوئیں۔

۱۷ اکتوبر، چٹاگانگ میں لال دیگی میدان میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔

۱۸ اکتوبر، کھلنا میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۱۹ اکتوبر، پبنہ میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۲۰ اکتوبر، راجشاہی میں جلسہ عام سے حطاب کیا۔

۲۱ اکتوبر، میمن سنگھ میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۲۲ اکتوبر، ڈھاکہ واپس پہنچیں۔ اخباری نمائندوں سے ملاقات کی۔ مشرقی پاکستان کا آٹھ روزہ دورہ ختم کرنے کے بعد کراچی پہنچیں اور ائیرپورٹ پر پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔

۳۰ اکتوبر، لوگوں سے اپیل کی کہ وہ انتخابات میں ایماندار لوگوں کو ووٹ دیں۔ محترمہ نے ایوب خان کو ڈکٹیٹر قرار دیا جو کہ ایک جمہوریت پسند کا نقاب اوڑھے ہوئے تھا۔

۳۱ اکتوبر، بنیادی جمہوریتوں کے انتخابات ہوئے جو مغربی پاکستان میں ۹ نومبر تک جاری رہے اور مشرقی پاکستان میں ۱۰، نومبر سے ۱۹ نومبر تک جاری رہے۔ مغربی پاکستان میں دو ہزار سات سو پچیس ممبروں کا انتخاب ہوا اور مشرقی پاکستان میں دو ہزار ایک سو تئیس ممبروں کا۔ جنہوں نے ووٹ دے کر صدر کا انتخاب کرنا تھا۔ سی او پی نے انتخابات میں دھاندلی کا الزام لگایا اور چونتیس صفحات کا رائٹ پیپر شائع کیا اور انکوائری کروانے کا مطالبہ کیا۔

۲ نومبر، انتخابات میں دھاندلی کے خلاف احتجاجی بیان دیا۔

۱۵ نومبر، ہم خیال بی۔ ڈی ممبران کا استقبالیہ فلیگ سٹاف ہاؤس کراچی میں ہوا۔ محترمہ نے خطاب کیا۔

۱۶ نومبر، مغربی پاکستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے محترمہ کے اعزاز میں استقبالیہ دیا جہاں انہوں نے

۱۹۶۴ء خطاب کیا۔شام کو سیالکوٹ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۱۷ نومبر، شیخوپورہ میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۱۹ نومبر، گجرات میں انتخابی جلسہ میں تقریر کی۔

۲۰ نومبر، سرگودھا میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۲۱ نومبر، لاولپور (فیصل آباد) میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۲۲ نومبر، جھنگ میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔

۲۲ نومبر، صدارتی انتخاب کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔

۲۴ نومبر، کوہاٹ میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۲۵ نومبر، مردان میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۲۶ نومبر، راولپنڈی میں منعقدہ وکلاء کے ایک مباحثہ سے خطاب کیا۔

۳ دسمبر، کراچی سے بہاولپور جاتے ہوئے حیدرآباد اور نواب شاہ ریلوے اسٹیشنوں پر مجموں سے خطاب کیا۔

۴ دسمبر، بہاولپور میں بار ایسوسی ایشن سے خطاب کیا۔ایک جلسہ عام سے بھی خطاب کیا۔بنیادی جمہوریت کے ممبروں سے بھی خطاب کیا۔خواتین کے ایک جلسے سے بھی خطاب کیا۔

۵ دسمبر، قاسم باغ ملتان میں ایک مجمع سے خطاب کیا۔

۶ دسمبر، سکھر میں ایک مجمع سے خطاب کیا۔

۷ دسمبر، بہاولپور سے راولپنڈی آتے ہوئے لاہور ریلوے سٹیشن پر ایک مجمع سے خطاب کیا۔

۹ دسمبر، یادگار چوک پشاور میں ایک مجمع سے خطاب کیا۔

۱۱ دسمبر، آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے لیڈر چوہدری غلام عباس نے ایک خط کے ذریعے محترمہ کو انتخابات میں اپنی پوری حمایت کا یقین دلایا۔گول باغ لاہور میں ایک مجمع سے خطاب کیا۔

۱۳ دسمبر، ملتان میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔

۱۴ دسمبر، حیدرآباد میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔

۱۷ دسمبر، کراچی میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔

۱۸ دسمبر، چٹاگانگ میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔

۱۹ دسمبر، کھلنا میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔

۱۹۶۴ء ۲۲ دسمبر، راجشاہی میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔
۲۵ دسمبر، قائد کی سالگرہ کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۲۶ دسمبر، ڈھاکہ میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔
۲۷ دسمبر، باریسال میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔
۳۰ دسمبر، ڈھاکہ سے آئندہ انتخاب کے سلسلے میں پریس بیان جاری کیا۔

۱۹۶۵ء یکم جنوری، کراچی سے ایک اخباری بیان دیا کہ تبدیلی کے لیے ووٹ دینا کیوں ضروری تھا۔
۲ جنوری، ایوب خان اور فاطمہ جناح کے درمیان صدر کے انتخاب کے لیے ووٹ ڈالے گئے۔ ایوب خان کو ۰۰۷،۹۷ میں سے ۴۹،۹۵۱ (۶۲-۷٪) اور محترمہ ۲۸،۶۹۱ (۳۶٪) ووٹ ملے۔
۴ جنوری، ایک بیان میں حکومت اور انتظامیہ پر بدعنوانی کے الزام لگائے اور ملک میں جمہوریت کے فروغ کے لیے کام کرتے رہنے کے عزم کا اظہار کیا۔
۴ فروری، عیدالفطر کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۱۴ اگست، یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۱۱ ستمبر، قائداعظم کی برسی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۲۸ جون، مسلم لیگ کونسل کے اجلاس سے خطاب کیا۔
۱۰ دسمبر، پشاور میں ایک جلسہ عام سے خطاب کیا۔

۱۹۶۶ء جنوری، عیدالفطر کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۲ اپریل، عیدالضحیٰ کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۱۴ اگست، یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۱۱ ستمبر، قائداعظم کی برسی کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۲۵ دسمبر، قائداعظم کی سالگرہ کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔

۱۹۶۷ء ۱۲ جنوری، عیدالفطر کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۱۳ فروری، بھنبھور گئیں، شاہ جہاں سمہ ٹھٹھہ کلاں میں جاری مرمت کے کام کا معائنہ کیا۔
۲۲ مارچ، عیدالضحیٰ کے موقع پر قوم کے نام پیغام دیا۔
۱۸ اپریل، میر جعفر خان جمالی کی وفات پر ایک اخباری بیان جاری کیا۔

۱۹۶۷ء ۹ جولائی، محترمہ فاطمہ جناح ۹ جولائی کی صبح کو وفات پا گئیں۔ انہیں قائداعظم کے مزار کے احاطے میں دفن کیا گیا۔ مفتی محمد شفیع نے ان کا جنازہ پولو گراؤنڈ کراچی میں پڑھایا۔ ان کی غائبانہ نماز جنازہ ملک کے مختلف حصوں میں پڑھایا گیا۔

(مندرجہ بالا ڈاکٹر ریاض احمد کی انگریزی میں تیار کردہ Chronology کا اردو ترجمہ ہے۔ ترجمہ و اضافہ مدیر مجلّہ)

# ۲۰۰۳ء بطور سال مادر ملت کے سلسلہ میں ادارہ کی خدمات

## مادر ملت نیشنل کانفرنس

مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی قومی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیر اعظم پاکستان میر ظفر اللہ خان جمالی نے سال ۲۰۰۳ء کو بحیثیت ''مادر ملت کا سال'' منانے کا اعلان کیا۔ وزیر اعظم نے اس سلسلے میں ایک گولڈن جوبلی کمیٹی تشکیل دی۔ کمیٹی نے ادارہ ہذا کو یہ ذمہ داری سونپی کہ ادارہ مادر ملت پر مختلف کتابیں اور ایک قومی سیمینار منعقد کروائے۔

کمیٹی کی ہدایات کی روشنی میں ادارہ نے ۲۱ تا ۲۲ جولائی ۲۰۰۳ء ایک مقامی ہوٹل میں قومی کانفرنس کا انعقاد کیا جس میں ملک بھر سے ممتاز سکالرز اور دانشوروں نے شرکت کی۔ سیمینار میں وفاقی وزیر اطلاعات جناب شیخ رشید احمد نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور وزیر اعظم کے مشیر جناب سید شریف الدین پیرزادہ نے اس اجلاس کی صدارت کی۔ سیمینار کی چھ نشستوں کے دوران، ۵۰ سے زائد سکالرز اور دانشوروں نے مادر ملت کی شخصیت، جدوجہد، دیگر قومی خدمات اور ان کے خیالات پر روشنی ڈالی اور مادر ملت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور اپنے مقالے پیش کیے۔ سیمینار کی اختتامی نشست سے وفاقی وزیر جناب محمود علی اور وفاقی وزیر برائے لیبر و سمندر پار پاکستانی جناب عبدالستار لالیکا نے خطاب کیا۔

سیمینار کے دوران ادارہ نے اپنی نئی شائع کردہ کتب کا نمائشی سٹال بھی لگایا۔ نئی کتب درج ذیل ہیں:

۱۔ ''فاطمہ جناح حیات و خدمات'' از ڈاکٹر آغا حسین ہمدانی (مرحوم) (نیا ایڈیشن)

۲۔ ''مادر ملت قومی اخبارات کی نظر میں'' مرتبہ ڈاکٹر ریاض احمد

۳۔ Speeches and Statements of Mohtarma Fatima Jinnah by Dr. Riaz Ahmed

۴۔ A Chronology by Dr. Riaz Ahmed

۵۔ Pakistan Journal of History & Culture (Special Issue)

سیمینار کے کامیاب انعقاد پر ادارہ تمام ریسرچ سکالروں اور دیگر متعلقہ سٹاف بالخصوص مہر عبدالرشید صاحب کا مشکور ہے جن کی شب و روز محنت سے کانفرنس کا کامیاب انعقاد ممکن ہوا۔

ڈاکٹر ریاض احمد

مادرِ ملّت محترمہ فاطمہ جناح قومی کانفرنس کی تصویری جھلکیاں

(۲۱۔۲۲ جولائی ۲۰۰۳ء)